تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

October 15, 2024

پریس ریلیز

آپٹم نے جامعہ ملیہ اسلامیہ کے بارہ طلبا کو اٹھارہ لاکھ سالانہ کے پیکیج کی ملازمت دی

یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل (یو پی سی) جامعہ ملیہ اسلامیہ کو یہ اطلاع دیتے ہوئے انتہائی خوشی ومسرت ہورہی ہے کہ بی ٹیک (سی ایس، ای ای، ای سی ای) اور ایم سی اے کے بارہ طلبا کو آپٹم نے ملازمت کی پیش کش کی ہے۔سافٹ ویئر ایسوسی ایٹس کے طور پر اٹھارہ لاکھ سالانہ کے بہترین پیکج پر کمپنی جوائن کرنے والے ان طلبا نے غیر معمولی صلاحیت اور خلوص کا مظاہرہ کیا ہے۔

یو پی سی، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ اپنے طلبا کو تربیت اور پلیسمنٹ کے بہترین مواقع فراہم کر کے انھیں ان کے کیریئر میں کامیاب وکامران ہونے میں معاون ہو۔

اعزازی ڈائریکٹر پروفیسر راحیلہ فاروقی نے کامیاب طلبا کو ان کی شان دار کامیابی کے لیے مبارک دی۔

طلبا کی کامیابی پر جامعہ ملیہ اسلامیہ میں خوشی ومسرت کا ماحول ہے اور مستقبل میں مزید کامیابی وکامرانی کے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا ہے۔

اعزازی ڈائریکٹر پروفیسر راحیلہ فاروقی نے اپنی ٹیم کے اراکین، ڈپٹی ڈائریکٹر پروفیسر صباح خان، پروفیسر ریحان خان سوری، عماد خان، محمد رازق، شکور اور راشد کا اس مہم کو منعقد کرانے میں مدد اور تعاون کے لیے شکریہ ادا کیا ہے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی